کتابت خوبصورت ٹائٹل ۱۲/۵ روپے ہیں عثمانی کتب خانہ اشرف روڈ ملتان سے دستیاب ہے۔

پیارے نبیؐ کی پیاری سنتیں

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم انسانیت کے محسن، ان کی تعلیمات ہدایت کی ضمانت اور آپؐ کے اعمال پوری انسانیت کے لیے اسوۂ حسنہ ہیں ایک مسلمان کے شب وروز تب ہی مستحسن، کامیاب اور بارگاہ خداوندی میں مقبول اور معیاری زندگی قرار دیئے جا سکتے ہیں جب وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے شب وروز کے اعمال واذکار سے مزین ہوں پیارے نبی کی پیاری سنتیں جب مسلمانوں کی زندگی میں آئیں گی تو زندگی خدا کو پیاری ہو جائے گی حضرت مولانا محمد نعیم اللہ فاروقی کا مرتب کردہ یہ مختصر مگر جامع رسالہ اس سلسلۂ رشد وہدایت کی تبلیغ ہے ۱۰۷ صفحات پر مشتمل جیبی سائز کا یہ روحانی تحفہ ہر مسلمان کے پاس ہونا چاہیے عنوان ہی کتاب کا تعارف ہے یہ کتابچہ ۱۰ روپے میں خانقاہ نقشبندیہ مجددیہ مسجد زینب بند روڈ لاہور ۲۵ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

میمن اسلامک پبلشرز کے مختصر رسائل

میمن اسلامک پبلشرز کی جانب سے حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کے مختصر کتابچے بھی موصول ہوئے ہیں پینے کے آداب، کھانے کے آداب، ڈاڑھی (از مولانا عاشق الٰہی صاحب)، لباس کے شرعی اصول، عورت کی سربراہی (مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی) سستی کا علاج چستی، مغربی خواتین میں اسلام کا رجحان، تواضع، حسد، خواب کی شرعی حیثیت دعوت کے آداب، میرے مرشد حضرت عارفی (مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی)، طباعت واشاعت کا یہ طریق کار بے حد عمدہ ہے کم قیمت، کم حجم، ایک ہی نشست میں مطالعہ مکمل، طباعت شاندار ملنے کا پتہ

:- میمن اسلامک پبلشرز ۱/۱۹۰ لیاقت آباد کراچی ۱۹۔

قرارداد مقاصد بنام سپریم کورٹ پاکستان

قرارداد مقاصد پاکستان کی نظریاتی اساس ہے مگر ہمارے حکمران اور سیاست دان مغربی فلسفۂ سیاست اور اسلامی نظام حیات میں سے کسی ایک کے دوٹوک انتخاب کرنے کا حوصلہ نہیں کر پاتے ان کی یہی بے حوصلگی ملک کے اجتماعی نظام کے تمام تر بگاڑ کا اصل سبب ہے، اعلیٰ عدالتوں میں ہونے والے مباحث بھی اسی ذہنی کشمکش کے آئینہ دار ہیں، سردار شیر عالم ایڈووکیٹ نے زیر تبصرہ مقالہ میں انتہائی حزم واحتیاط اور مستحکم استدلال کے ساتھ اسی فکری الجھاؤ کے تار و پود کو بکھیر کر رکھ دیا ہے۔ چودھری محمد یوسف ایڈووکیٹ نے اس کا اردو میں ترجمہ کیا ہے حضرت مولانا زاہد الراشدی مدظلہ نے پیش لفظ لکھ کر مقالہ کی اہمیت کو دوبالا کر دیا ہے، قارئین دو روپے کی ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت منگوا سکتے ہیں۔ صفحات ۴۸۔

ملنے کا پتہ :- الشریعہ اکیڈمی مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ۔